تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

April 22 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اے ایس سی آئی کے اشتراک سے امپاورنگ ایتھیکل ایڈورٹائزنگ پر فیکلٹی ڈولپمنٹ پروگرام (ایف ڈی پی) کی میزبانی کی

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے اے جے کے۔ایم سی آر سی نے اے ایس سی آئی اکیڈمی، ایڈورٹائزنگ اسٹینڈرڈ کونسل آف انڈیا کے اشتراک سے بیس اپریل دو ہزار چوبیس کو ایتھیکل ایڈورٹائزنگ کے موضوع پر یک روزہ فیکلٹی ڈولپمنٹ پروگرام کی میزبانی کی۔قابل ذکر ہے کہ اے ایس سی آئی ہندوستان میں ذمہ دار اشتہاری عمل کو فروغ دیتی ہے۔

یونیورسٹی کیمپس میں دن بھر کا پروگرام منعقد ہوا جس میں ایڈورٹائزنگ ایجنسیز، میڈیا ہاوسیز اور کارپوریٹ سمیت مختلف تعلیمی اداروں اور تنظیموں کے سو سے زیادہ ایجوکیٹر، محققین اسکالر اور ماہرین نے شرکت کی۔

پروگرام کا مقصد ایتھیکل ایڈورٹائزنگ کے متعلق بیداری کو عام کرنا تھا۔پروگرام کی مدد سے شرکا میں سماجی طور پر ذمہ دار پیغام کے متعلق بیداری اور بصیرت پیدا ہوئی اور ذمہ دار اشتہاری عمل کے فروغ میں اے ایس سی آئی کے رول کی اہمیت بھی اجاگر ہوئی۔

پروگرام کا مرکزی خیال 'امپاورنگ ایتھیکل ایڈورٹائزنگ' تھا۔صنعت کے ماہرین اور اے ایس سی آئی اکیڈمی ماسٹر ٹرینز آدیتی ہنگوکی کی قیادت و سربراہی میں شرکا نے معلومات افزا مباحثے اور پرزینٹیشن دیکھے اور سنے۔اس سیشن سے شرکا کو صداقت ،شفافیت، سماجی ذمہ داری اور صارف کے اعتماد جیسے موضوعات پر کافی اہم جانکاری ملی۔

پروفیسر اقبال حسین کارگزار شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے افتتاحی تقریر سے پوری فضا تیار کردی۔انھوں نے اپنی تقریر میں صارفین کے درمیان بھروسے اور ساکھ کی تعمیر سازی پر زور دیا۔انھوں نے ذمہ دار ایڈورٹائزنگ کی ضرورت پر زور کے ساتھ درست معلومات تک رسائی کے سلسلے میں صارفین کے حقوق کے تحفظ پر بھی زور دیا جو آئین کے بنیادی حقوق سے آتی ہے۔

سینٹر کے اعزازی ڈائریکٹر پروفیسر ایم۔قاسم نے شرکا کو اے ایس سی آئی اور جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ایم سی آر سی سینٹر کے درمیان ہوئے مفاہمت نامے کے متعلق بتایا اور ساتھ ہی ایتھیکل ایڈورٹائزنگ کے لیے صلاحیت سازی کے مشترکہ اہداف کے

تیئں اس کے علمی، صنعتی اور پیشہ ورانہ مقاصد کو بھی بیان کیا۔انھوں نے اشتہار کی دنیا سے چند غیر اخلاقی مثالیں بھی دیں اور غلط روشوں سے نمٹنے کے لیے ایک انضباطی نظام کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

محترمہ ہنگو نے ایتھیکل ایڈورٹائزنگ کے عمل کو فروغ دینے کے لیے اشتراک کی اہمیت واضح کی۔انھوں نے معلمین کو ایتھیکل ایڈورٹائزنگ کے پریکٹس سے روشناس کرانے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ وہ بعد میں ایڈورٹائزنگ کی دنیا میں نو واردین کے اندر اخلاقی اقدار کو فروغ دے سکیں۔انھوں نے مزید کہا کہ:

'ذمہ دار ایڈورٹائزنگ آج کی مواصلاتی دنیا میں ایمان داری کی بنیاد ہے جب ایڈورٹائزنگ کا کام اور تعداد روز بروز تیزی سے بڑھ اور پھیل رہا ہے۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ایم سی آر سی میں اے ایس سی آئی اکیڈمی کا امپاورنگ ایتھیکل ایڈورٹائزنگ ان معلمین کے لیے ہے جو طلبہ کو پڑھا رہے ہیں اور جو مستقبل کے ماہرین ہوں گے۔ ملک کی بہترین فیکلٹیز کے ساتھ بھرپور سیشن کرنا میرے لیے مسرت اور اعزاز کی بات ہے'۔

فیکلٹی ڈولپمنٹ پروگرام مثبت رہا جس میں شرکا نے اخلاقی اصولوں کو اپنے تدریسی طریقہ کار میں شامل کرنے کے لیے پرعزم تھے۔ پروگرام کے شرکا کو شرکت کی اسناد بھی تقسیم کی گئیں۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی